# اطالوی سنیٹر نے پوتن-ٹرمپ سربراہی ملاقات کو امن مذاکرات کا مثبت آغاز قرار دیا

روم، (یو این آئی) اطالوی سنیٹر نے یوکرین کے مسئلے پر پوتن-ٹرمپ ملاقات کو تنازعہ کے حل کے لیے امن مذاکرات کا مثبت آغاز قرار دیا۔

دائیں بازو کی لیگا پارٹی سے تعلق رکھنے والے اطالوی سینیٹر مینوئل ویسکووی نے مقام میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ روسی صدر ولادیمیر پوتن اور امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے درمیان الاسکا میں ہونے والی ملاقات کو روس-یوکرین تنازعہ حل کرنے کے لیے بات چیت شروع کرنے کے لیے مفید قرار دیا۔

انہوں نے کہا کہ" مجھے یہ ملاقات انتہائی مفید لگ رہی ہے۔ تین میں سے دو عالمی طاقتوں کی نمائندگی کرنے والے دو رہنماؤں کی ملاقات ہوئی ہے۔ ہم نہیں جانتے کہ کیا بات چیت ہوئی، لیکن دونوں طاقتوں کے درمیان برسوں کی خاموشی کے بعد ہونے والی



یہ ملاقات یوکرین کے تنازعہ اور بین الاقوامی مسائل دونوں کے حل تلاش کرنے کے لیے اہم ہے۔ میں اس ملاقات سے بہت خوش ہوں؛ مجھے لگتا ہے کہ یہ اہم بات چیت کا آغاز ہے، جس سے مجھے امید ہے کہ جلد ہی یوکرین میں تنازعہ ختم ہوجائے گا۔"

اطالوی سینیٹر نے کہا کہ دوسری طرف یورپی یونین نے عدم استقامت کا مظاہرہ کیا ہے، اس کی قیادت "مذاکرات کو آگے بڑھانے کی اپنی ذمہ داری" کا احساس کرنے میں ناکام رہی ہے۔ ویسکووی نے اس بات پر مایوسی کا اظہار کیا کہ یورپی کمیشن کی چیئر پرسن ارسولا وان ڈیرلین اور یورپی یونین کی خارجہ پالیسی کے سربراہ کا جاکلس دونوں" اس صورتحال کو زیر غور نہیں رکھتے ہیں، جس میں بات چیت کی ضرورت ہے"۔

انہوں نے یہ بھی تجویز دی کہ اگر ٹرمپ اس وقت اپنے عہدے پر رہتے تو یوکرین کا تنازعہ بھی شروع نہ ہوتا۔

انہوں نے کہا کہ" میں نے ہمیشہ یقین کیا ہے کہ اگر سفارت کاری نے ساڑھے تین سال پہلے کام کیا ہوتا تو یہاں تک نوبت نہ آتی۔ امن صرف اسی صورت میں حاصل کیا جا سکتا ہے جب ہر کوئی کوشش کرے اور چند قدم پیچھے ہٹ کر حل تلاش کرے۔"

## پوتن-ٹرمپ سربراہی ملاقات کے بعد یوروپی یونین کے لیڈروں کی فوری ملاقات ہوگی: میکرون

ماسکو (یواین آئی) فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون نے ہفتہ کے روز کہا کہ روسی صدر ولادیمیر پوتن اور امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے درمیان الاسکا میں ہونے والی سربراہی ملاقات کے بعد"ٹھوس" پیش رفت کے لیے یوروپی یونین کے رہنما جلد ہی دوبارہ ملاقات کریں گے۔ پوتن اور ٹرمپ نے الاسکا میں جمعہ کے روز اعلیٰ سطحی بالمشافہ بات چیت کی جو 2 گھنٹے 45 منٹ تک جاری رہی۔ ملاقات میں دونوں صدور کے علاوہ روس کی نمائندگی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف اور صدر کے معتمد یوری یوشاکوف نے کی اور امریکہ کی نمائندگی سکریٹری مارکو روبیو اور خصوصی ایلچی اسٹیووٹ کوف نے کی۔ میکرون نے سوشل میڈیا نیٹ ورک ایکس پر کہا کہ "ہم ان کے ساتھ اور رضامندوں کے اتحاد میں اپنے تمام شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کریں گے، جن کے ساتھ ہم جلد ہی دوبارہ ملاقات کریں گے، تاکہ ٹھوس پیش رفت ہو۔"



## روس-یوکرین جنگ

# ٹرمپ کا یوکرینی صدر کو فون، طویل گفتگو، زیلنسکی پیر کو واشنگٹن پہنچیں گے

واشنگٹن (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے الاسکا سے واپسی پر اپنے یوکرینی ہم منصب ولادیمیر زیلنسکی سے طویل گفتگو کی ہے۔سی این این کے مطابق ٹرمپ نے روسی صدر ولادیمیر پوتن کے ساتھ سربراہی اجلاس مکمل ہونے کے بعد صبح 2 بجے (ای ٹی) کے قریب میری لینڈ کے جوائنٹ بیس اینڈریوز پر لینڈ کیا۔وائٹ ہاؤس کی پریس سکریٹری کیرولین لیویٹ کے مطابق صدر نے 6 گھنٹے کی پرواز کا زیادہ تر وقت فون پر گزارا، زیلنسکی سے گفتگو کے بعد ٹرمپ نے نیٹو ارکان سے بھی بات کی۔

پوتن کے ساتھ 2 گھنٹے سے زائد وقت کی ملاقات کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس میں ٹرمپ نے وعدہ کیا تھا کہ وہ زیلنسکی اور نیٹو حکام کو فون کال کریں گے، ٹرمپ نے کہا کہ میں لازمی طور پر صدر زیلنسکی کو فون کروں گا اور انہیں آج کی ملاقات کے بارے میں بتاؤں گا۔زیلنسکی کے دفتر نے تصدیق کی کہ انہوں نے ہفتہ کی صبح ٹرمپ سے بات کی۔

یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ وہ پیر کو واشنگٹن ڈی سی میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کریں گے، ٹرمپ کے ساتھ 'طویل اور بامعنی ٹیلی فونک گفتگو' کے بعد انہوں نے کہا کہ یوکرین امن کے حصول کے لیے اپنی بھرپور کوششوں کے ساتھ کام کرنے کی تیاری کی تصدیق کرتا ہے۔

ان کا کہنا تھا کہ صدر ٹرمپ نے روسی رہنما سے ملاقات اور ان کی گفتگو کے اہم نکات سے آگاہ کیا، یہ اہم ہے کہ امریکا کی طاقت صورتِ حال پر اثرانداز ہو۔انہوں نے مزید کہا کہ پیر کو میں صدر ٹرمپ سے واشنگٹن ڈی سی میں ملاقات کروں گا تاکہ قتل وغارت اور جنگ کو ختم کرنے کے تمام پہلوؤں پر بات ہو سکے، میں اس دعوت پر شکرگزار ہوں۔ زیلنسکی نے امریکی صدر کی جانب سے سہ فریقی ملاقات (پیوٹن، زیلنسکی اور ٹرمپ) کی تجویز کی حمایت بھی کی۔

فرانسیسی حکومت کے مطابق یورپی رہنماؤں نے الاسکا اجلاس کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی کے ساتھ ایک کال میں شمولیت اختیار کی، جو ایک گھنٹے سے زیادہ جاری رہی۔

ایلیزے پیلس کے مطابق اس کال میں فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون، جرمن چانسلر فریڈرک مرز، برطانوی وزیرِ اعظم کیئر اسٹارمر، اطالوی وزیرِ اعظم جورجیا میلونی، فن لینڈ کے صدر الیگزینڈر راسٹب اور پولینڈ کے صدر کیرول ناوروکی شامل تھے۔نیٹو کے سیکریٹری جنرل مارک روٹے اور یورپی یونین کی صدر ارسلا وان ڈیرلیین نے بھی کال میں شرکت کی۔ کریملن کے اعلیٰ معاون یوری اوشاکوف (جو پیوٹن کے وفد کا حصہ تھے) نے روسی خبر رساں ادارے 'آر آئی اے' سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ الاسکا میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روسی صدر ولادیمیر پوتن کی ملاقات کے دوران زیلنسکی کو شامل کرنے کا خیال زیرِ غور نہیں آیا۔ان کا یہ بیان اس وقت سامنے آیا جب ٹرمپ نے سربراہی اجلاس کے بعد کہا تھا کہ پوتن اور زیلنسکی دونوں چاہتے ہیں کہ وہ مستقبل میں دونوں رہنماؤں کی ملاقات میں شامل ہوں تاکہ امن کی راہ پر بات چیت ہو سکے۔ٹرمپ نے فاکس نیوز کو انٹرویو میں کہا تھا کہ وہ دونوں مجھے وہاں چاہتے ہیں،، اور میں وہاں ہوں گا۔

اوشاکوف نے مزید کہا کہ یہ واضح نہیں ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کے درمیان اگلی ملاقات کب ہوگی۔



## جنگ بندی معاہدہ اب صدر زیلنسکی پر منحصر ہے: ٹرمپ

الاسکا (یواین آئی) امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روسی صدر سے ملاقات کے بعد ایک بیان میں کہا ہے کہ روس یوکرین جنگ بندی معاہدہ اب صدر وولودیمیر زیلنسکی پر منحصر ہے۔تفصیلات کے مطابق فاکس نیوز سے گفتگو میں امریکی صدر ٹرمپ نے کہا کہ اب جلد ہی صدر پیوٹن اور زیلنسکی کے درمیان ملاقات ہوگی، دونوں رہنما ملاقات میں میری موجودگی بھی چاہتے ہیں۔انھوں نے کہا یہ سوچ غلط تھی کہ تنازعہ حل کرنا آسان ہوگا، یہ سب سے مشکل تھا، روسی صدر پوتن سے ملاقات مثبت رہی ہے، اور روس پر پابندیاں لگانے یا اس بارے میں اب سوچنے کی ضرورت نہیں رہی ہے۔صدر ٹرمپ نے مزید کہا کہ میں اس بات کو یقینی بنانا چاہتا ہوں کہ یہ معاہدہ ہو جائے، ہمارے پاس اس معاہدے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے اچھا موقع ہے۔خیال رہے کہ الاسکا میں امریکی صدر ٹرمپ اور روسی صدر پوتن کے درمیان اہم ملاقات ہوگئی ہے تاہم اس میں جنگ بندی کا اعلان نہ ہوسکا، روسی اور امریکی وفود کے درمیان ملاقات ڈھائی گھنٹے سے زائد وقت تک جاری رہی۔ اس موقع پر امریکہ کی جانب سے وزیر خارجہ مارکو روبیو اور خصوصی مندوب وٹکوف جب کہ روسی وفد میں وزیر خارجہ لاوروف اور ایلچی یوری اوشاکوف بھی موجود تھے۔مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے روسی صدر پوتن کا کہنا تھا کہ ملاقات مثبت اور تعمیری رہی، میرے اور صدر ٹرمپ کے درمیان اچھے براہ راست رابطے ہیں، مذاکرات کی دعوت دینے پر امریکی صدر کے شکرگزار ہیں۔ انھوں نے کہا پائیدار اور دیرپا امن کے لیے جنگ کی بنیادی وجوہ کو ختم کرنا ہوگا، یورپ سمیت دنیا بھر میں سلامتی کے توازن کو بحال ہونا چاہیے۔انھوں نے کہا 2022 میں ڈونلڈ ٹرمپ صدر ہوتے تو یوکرین میں جنگ کی نوبت ہی نہ آتی، سابق امریکی صدر جو بائیڈن کو قائل کرنے کی کوشش کی کہ صورت حال کو تصادم کی سطح پر نہ لائیں۔صدر ٹرمپ نے اپنے خطاب میں کہا کہ روسی صدر سے ملاقات کے بعد یوکرین کے صدر زیلنسکی اور نیٹو حکام سے ٹیلی فون پر بات کروں گا۔

# غزہ میں اسرائیل کی جانب سے 160 بچوں کو گولیاں مار کر قتل کیے جانے کا انکشاف



غزہ (یو این آئی) غزہ میں اسرائیلی فوجیوں کی جانب سے 160 بچوں کو گولی مار کر قتل کیے جانے کے واقعات پر برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی نے رپورٹ جاری کردی۔غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ 160 میں سے 95 بچوں کو سر یا سینے پر گولی مار کر قتل کیا گیا تھا جن کی عمریں 12 سال سے بھی کم تھیں۔

بی بی سی ورلڈ سروس کی تحقیق کے مطابق نومبر 2023ء میں غزہ میں اسرائیلی فوج کی کارروائیوں کے دوران دو سال اور 6 سال کی بچیاں الگ الگ واقعات میں شہید ہوئیں، یہ دونوں 160 سے زائد ایسے بچوں میں شامل ہیں جو غزہ پر جنگ کے دوران گولیوں کا نشانہ بنے۔انٹرنیشنل کمیٹی آف دی ریڈ کراس نے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا اتنے بچوں کو گولیوں کا نشانہ بنانے کو نیو نارمل معمول کے طور پر قبول نہیں کر سکتی۔

اقوام متحدہ کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ جولائی میں غزہ کی پٹی میں تقریباً 13 ہزار بچے شدید غذائی قلت کے باعث اسپتال میں داخل کیے گئے۔

دوسری جانب غزہ میں اسرائیلی فوج کی بمباری سے مزید 41 فلسطینی شہید ہو گئے، امداد کے منتظر 16 فلسطینی بھی شہداء میں شامل ہیں۔

### حماس کا اقوام متحدہ کی جعلی جنسی تشدد کی فہرست میں جماعت کو شامل کیے جانے پر سخت احتجاج

غزہ: اسلامی تحریک مزاحمت حماس نے 14 اگست 2025ء کو جاری ہونے والی اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی رپورٹ کو سختی سے مسترد کر دیا ہے، جس میں حماس کو مسلح تنازعات میں جنسی تشدد کے الزامات کے تحت "بلیک لسٹ" میں شامل کیا گیا۔ جمعہ کی شب جاری بیان میں حماس نے واضح کیا کہ یہ فیصلہ قانونی طور پر باطل، حقائق کے منافی اور سیاسی دوغلے پن کی بدترین مثال ہے جو عالمی نظام کی ساکھ کو برباد کر رہی ہے۔ حماس نے کہا کہ اس جھوٹے اور من گھڑت اندراج کی کوئی قانونی بنیاد نہیں، نہ ہی اس میں کسی آزاد، غیر جانبدار اور فیلڈ تحقیقات کا سہارا لیا گیا۔ رپورٹ مکمل طور پر قابض اسرائیل کی سیاسی و جعلی روایات پر مبنی ہے، جس میں نہ کسی آزاد تفتیش کا اہتمام کیا گیا اور نہ ہی کسی نام نہاد متاثرہ سے براہِ راست رابطہ کیا گیا۔

# ٹرمپ نے میلانیا کا اہم خط پوتن کے حوالے کر دیا

اینکریج (یواین آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اہلیہ و خاتون اوّل میلانیا ٹرمپ کی جانب سے لکھا گیا اہم خط روسی ہم منصب ولادیمیر پوتن کے حوالے کر دیا۔غیر ملکی خبر رساں ایجنسی روئٹرز کی رپورٹ کے مطابق وائٹ ہاؤس کے دو عہدیداروں نے بتایا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی اہلیہ میلانیا ٹرمپ نے ولادیمیر پوتن کو لکھے گئے ذاتی خط میں یوکرین اور روس میں بچوں کی حالت زار کا ذکر کیا۔

عہدیداروں نے روئٹرز کو بتایا کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے الاسکا میں سربراہی اجلاس کے دوران ولادیمیر پوتن کو اہلیہ کا خط پہنچایا کیونکہ وہ خود موقع پر موجود نہیں تھیں۔ اگرچہ حکام اس خط کے مندرجات کے بارے میں لاعلم ہیں تاہم بعض کا کہنا ہے کہ اس میں یوکرین میں جنگ کے نتیجے میں بچوں کے اغوا کا ذکر کیا گیا۔

واضح رہے کہ روس کی جانب سے یوکرین میں بچوں کا مبینہ اغوا ملک کیلیے انتہائی حساس رہا ہے۔ یوکرین نے ہزار بچوں کے اغوا کو خاندان یا سرپرستوں کی رضامندی کے بغیر روس یا روس کے زیر قبضہ علاقے میں لے جانے کا الزام عائد کیا ہے۔ اس سے قبل ماسکو نے کہا تھا کہ وہ جنگ زدہ علاقوں میں بچوں کی حفاظت کر رہا ہے۔ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے دفتر نے کہا کہ روس نے 2022 میں یوکرین پر مکمل حملے شروع ہونے کے بعد سے لاکھوں یوکرائنی بچوں کو تکلیف پہنچائی ہے اور ان کے حقوق کی خلاف ورزی کی ہے۔

ٹرمپ اور پوتن کے درمیان اینکریج میں واقع امریکی فوجی اڈے پر تقریباً تین گھنٹے تک ملاقات ہوئی جو یوکرین میں جنگ بندی معاہدے کے بغیر اپنے اختتام کو پہنچی۔

### دوسری جنگِ عظیم میں انسانی جانوں کے نقصان پر افسوس ہے: جاپانی وزیرِاعظم

ٹوکیو (یواین آئی) جاپانی وزیرِ اعظم نے کہا کہ دوسری جنگ عظیم



انسانی جانوں کے نقصان پر پچھتاوا ہے۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق جاپانی وزیرِ اعظم شگیرو ایشیبا دوسری جنگ میں جاپان کے ہتھیار ڈالنے کے 80 سال مکمل ہونے کے حوالے سے ایک خصوصی تقریب میں شرکت کی جہاں انہوں نے کہا کہ جاپان کبھی دوبارہ جنگ کے راستے پر نہیں جائے گا۔ جاپانی وزیرِ اعظم نے کہا کہ جنگ میں ایشیائی ممالک کے خلاف جنگ کا ذمہ دار جاپان نہیں تھا۔ جاپانی حکومت کی جانب سے منعقدہ اس خصوصی تقریب میں 4 ہزار 500 سے زائد افراد نے شرکت کی۔ جاپانی وزیرِ اعظم شگیرو ایشیبا نے کہا کہ جنگ کے حوالے سے تکلیف دہ یادیں اگلی نسل تک پہنچانا اس لیے ضروری ہے کہ بعد میں زندہ بچنے والے زندگی کی قدر کریں گے اور ان کی عمریں طویل ہوں گی اور اس کے لیے جنگ کا پچھتاوا ہمارے دلوں میں موجود رہنا چاہیے۔

# 'تم نہیں جیتو گے'، اسرائیلی وزیر کا 'فلسطینی نیلسن منڈیلا' سے جیل میں ملاقات کے دوران طنز

تل ابیب، 16 اگست (یو این آئی) اسرائیل کے دائیں بازو کے قومی سلامتی کے وزیر نے ممتاز فلسطینی رہنما مروان برغوثی سے جیل میں ملاقات کی اور انہیں کہا کہ 'تم نہیں جیتو گے'، جمعے کو سامنے آنے والی ویڈیو میں یہ منظر دکھایا گیا، یہ ملاقات ایک سخت گیر کابینہ رکن کے فلسطینی ریاست کے تصور کو 'دفن' کرنے کا عہد کرنے کے ایک دن بعد سامنے آئی ہے۔

ڈان اخبار میں شائع برطانوی خبر رساں ادارے 'رائٹرز' کی رپورٹ کے مطابق اسرائیل کے قومی سلامتی کے وزیر ایتمار بن گویر نے اپنے 'ایکس' اکاؤنٹ پر یہ ویڈیو شیئر کی، جس میں انہوں نے دو دہائیوں سے زیادہ عرصے سے قید مروان برغوثی (جو فلسطینیوں میں اتحاد قائم کرنے والی شخصیت سمجھے جاتے ہیں) کو بتایا کہ جو بھی اسرائیل کو دھمکائے گا اسے ختم کر دیا جائے گا۔

یہ جیل کا دورہ رواں ہفتے کے شروع میں ہوا تھا، لیکن عوام کے علم میں تب آیا جب انتہائی قوم پرست وزیر خزانہ بیتسلئیل سموتریچ نے جمعرات کو کہا کہ ایک ایسی بستی پر کام شروع کیا جائے گا جو مغربی کنارے کو دو حصوں میں بانٹ دے گی اور اسے مشرقی یروشلم سے مزید کاٹ دے گی، جسے فلسطینی اپنی مستقبل کی ریاست کا دارالحکومت بنانا چاہتے ہیں۔

سموتریچ نے جمعرات کو ایک نیوز کانفرنس میں کہا تھا کہ یہ حقیقت بالآخر فلسطینی ریاست کے تصور کو دفن کر دیتی ہے، اس لیے کہ کوئی چیز نہیں ہے جسے تسلیم کیا جائے۔



بن گویر کی ایکس پر جاری ویڈیو، جس میں برغوثی کمزور دکھائی دے رہے ہیں، وزیر نے ان سے کہا کہ 'تم جیتو گے نہیں، تاریخ کے ہر دور میں جو کوئی اسرائیل کے عوام کے ساتھ الجھے گا، جو کوئی ہمارے بچوں کو قتل کرے گا، جو ہماری عورتوں کو قتل کرے گا، ہم اسے مٹا دیں گے، تمہیں یہ جان لینا چاہیے'۔

فلسطینی اتھارٹی (پی اے) نے بن گویر کے ان بیانات کو 66 سالہ برغوثی کے لیے 'براہِ راست دھمکی' قرار دیا، برغوثی فتح تحریک کے سینئر رکن ہیں جو اتھارٹی چلاتی ہے اور مغربی کنارے کے قابض اسرائیلی علاقوں کے کچھ حصوں میں محدود شہری اختیار رکھتی ہے۔ پی اے کی وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ وزارت خارجہ انتہائی سخت الفاظ میں ریمون جیل کے انفرادی قید خانے کے حصوں پر انتہا پسند وزیر بن گویر کے دھاوے اور بھائی و رہنما مروان برغوثی کو براہِ راست دھمکی دینے کی مذمت کرتی ہے۔

برغوثی کو 2004 میں 5 بار عمر قید اور 40 سال قید کی سزا سنائی گئی تھی، جب ایک عدالت نے انہیں دوسری فلسطینی انتفاضہ کے دوران اسرائیلیوں پر گھات لگا کر حملے اور خودکش حملوں کی منصوبہ بندی کا مجرم قرار دیا تھا۔

اسرائیل، برغوثی کو بغاوت میں ان کے کردار کی وجہ سے 'خطرناک عسکریت پسند' سمجھتا ہے، تاہم انہوں نے ہمیشہ اپنے خلاف الزامات کی تردید کی ہے۔

مروان برغوثی کی اہلیہ نے فیس بک پر ایک پوسٹ میں انہیں مخاطب کیا اور تحریر کیا کہ 'وہ اب بھی تمہارا پیچھا کر رہے ہیں اور تمہیں ستا رہے ہیں، حتیٰ کہ اس تنہائی والے سیل میں بھی جس میں تم سالوں سے قید ہو'۔

برغوثی کے حامی کہتے ہیں کہ وہ ایک دن 89 سالہ محمود عباس کے بعد فلسطینی صدر بننے کے سب سے مضبوط امیدوار ہیں اور انہیں نیلسن منڈیلا جیسی شخصیت قرار دیتے ہیں جو ان کی منقسم سیاسی فضا کو متحد اور متحرک کر سکتے ہیں۔

6 مئی کو شائع ہونے والے فلسطینی پالیسی اور سروے ریسرچ سینٹر کے ایک سروے کے مطابق مروان برغوثی صدارتی دوڑ میں 64 فیصد ممکنہ ووٹ ڈالنے والوں کی شمولیت کے ساتھ 50 فیصد ووٹ حاصل کریں گے، اگر مقابلہ محمود عباس اور سابق حماس سربراہ خالد مشعل کے ساتھ ہو، فلسطینی اتھارٹی کے صدر کے انتخابات 2005 کے بعد سے نہیں ہوئے۔ زیادہ تر عالمی طاقتیں دہائیوں پرانے اسرائیل-فلسطین تنازع کے حل کے طور پر 2 ریاستی حل کی حمایت کرتی ہیں، جس میں ایک آزاد فلسطینی ریاست مغربی کنارے، غزہ پٹی اور مشرقی یروشلم پر مشتمل ہو اور اسرائیل کے ساتھ وجود رکھے۔ اسرائیلی-فلسطینی امن مذاکرات کا آخری دور ایک دہائی سے زیادہ عرصہ پہلے ناکام ہوگیا تھا اور فلسطینیوں کا کہنا ہے کہ بڑھتی ہوئی آبادکاری اس مستقبل کی ریاست کی عمل داری کو ختم کر رہی ہے، ان زمینوں کو ٹکڑوں میں تقسیم کر کے جن پر وہ اپنی ریاست کے لیے دعویٰ کرتے ہیں۔ اقوام متحدہ نے ان بستیوں کو غیر قانونی قرار دیا ہے، تاہم اسرائیل اس رائے سے اختلاف کرتا ہے۔ سموتریچ کے جمعرات کے اعلان پر بین الاقوامی سطح پر تنقید کی ایک لہر دوڑ گئی ہے۔ مغربی کنارے کے گاؤں عتارہ کے رہائشیوں نے کہا کہ ان کے گاؤں پر اسرائیلی آبادکاروں نے حملہ کیا، 3 گاڑیوں کو نذرِ آتش کیا اور ایک دیوار پر دھمکی آمیز نعرے لکھے، اسرائیلی فوج نے کہا کہ وہ اس واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے۔

## سویڈن میں مسجد پر فائرنگ، متعدد زخمی

اسٹاک ہوم (یواین آئی) سویڈن کے شہر اوری برو میں نماز جمعہ کے وقت ایک مسجد کے قریب اس وقت فائرنگ کا واقعہ رونما ہوا جب نمازی عبادت کر کے مسجد سے باہر نکل رہے تھے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق مسجد پر فائرنگ میں کم از کم 3 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری اسپتال میں منتقل کیا گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق اسپتال میں منتقل کئے گئے زخمیوں میں سے ایک نے اسپتال پہنچ کر دم توڑ دیا جب کہ دیگر دو کی حالت بھی تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ پولیس کے مطابق اب تک دو افراد کو گولیاں لگنے کی تصدیق ہوئی ہے جنھیں اسپتال میں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ رپورٹس کے مطابق پولیس کا کہنا ہے کہ تاحال حملہ آور گرفتار نہیں ہوا اور یہ بھی واضح نہیں کہ وہ مسجد کو نشانہ بنا رہا تھا یا کسی مخصوص شخص کو قتل کرنے کی غرض سے پہنچا تھا۔ فائرنگ کے واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور ملزم کی تلاش شروع کردی۔ شہریوں کو مسجد سے دور رہنے کی اپیل کی گئی ہے۔ مسجد پر فائرنگ کا یہ واقعہ سویڈن میں اسلاموفوبیا اور مسلمانوں کے خلاف نفرت انگیز جرائم کے سلسلے میں تازہ اضافہ ہے۔ واضح رہے کہ حالیہ برسوں میں سویڈن میں قرآن کی بے حرمتی، مساجد کے باہر نفرت انگیز مظاہرے اور مسلمانوں کے خلاف نفرت پر مبنی جرائم میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔

## نائیجر میں شدید بارش سے 23 افراد ہلاک، 21 زخمی

نیامی (یواین آئی/ژنہوا) نائجر میں موسلا دھار بارش سے اس سال اب تک 23 افراد ہلاک اور 21 دیگر زخمی ہو چکے ہیں۔ نیشنل فائر گروپ کے کمانڈر نے کہا کہ یہ اطلاع دی۔ لیفٹیننٹ کرنل علی عبدالعزیز نے بتایا کہ بارش کی وجہ سے 3615 مکانات گرے اور 5855 خاندان بے گھر ہوئے جس سے مجموعی طور پر 42559 افراد متاثر ہوئے۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ بارش کے دوران یا اس کے بعد وہ آبی گزرگاہوں کو عبور کرنے، نکاسی کے راستوں کو روکنے، ممکنہ طور پر خطرناک علاقوں میں رہنے اور عارضی پناہ گاہوں میں رہنے سے گریز کریں۔ غور طلب ہے کہ 2024 میں نائجر میں شدید بارشوں کی وجہ سے 396 افراد ہلاک ہوئے تھے۔ شدید بارش اور سیلاب نے 206474 خاندانوں کو بے گھر کیا، جس سے 1526653 افراد متاثر ہوئے اور 767,158 مکانات تباہ ہوئے تھے۔

## الجیریا میں بس حادثہ، 18 افراد کی موت

الجزائر (یواین آئی) الجیریا کی راجدھانی الجزائرس کے مشرق میں ای ایل بارچ کے علاقے میں جمعہ کے روز ایک مسافر بس پل سے دریا میں جا گری۔ جس کے نتیجے میں تقریباً 18 افراد ہلاک اور 9 زخمی ہوگئے۔ الجیریا کی سول پروٹیکشن ایجنسی نے اس حادثے کی جانکاری دی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ حادثہ شام پانچ بجکر 45 منٹ کے قریب پیش آیا۔ انہوں نے بتایا کہ زخمیوں میں سے دو کی حالت تشویشناک ہے۔ زخمیوں کو مقامی اسپتال لے جایا گیا ہے جب کہ مرنے والے افراد کی لاشوں کو مردہ خانے میں رکھا گیا ہے۔ ایجنسی نے حادثے کی اطلاع ملتے ہی 25 ایمبولینس، 16 غوطہ خور اور چار کشتیاں موقع پر بھیج کر امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ امدادی کارروائیاں جاری ہیں اور مرنے والوں کی تعداد میں اضافے کا اندیشہ ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق الجیریا میں ہر سال 4000 افراد سڑک حادثات میں ہلاک ہوجاتے ہیں۔ نیشنل روڈ سیفٹی ایجنسی کے مطابق 91 فیصد حادثات انسانی غلطی جیسے ڈرائیور کی تھکاوٹ اور ٹریفک کی خلاف ورزیوں کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ ماحولیاتی عوامل جیسے سڑکوں اور گاڑیوں کی حالت بھی حادثات کے سبب بنتے ہیں۔

## اسرائیل کا جاسوس ڈرون غزہ میں گر کر تباہ

غزہ (یواین آئی) اسرائیل کا نگرانی کرنے والا چھوٹا ڈرون غزہ شہر میں گر کر تباہ ہوگیا جس کی ویڈیو بھی سامنے آئی ہے۔ ٹائمز آف اسرائیل کی رپورٹ کے مطابق فلسطینی میڈیا اور اسرائیلی دفاعی فورس (آئی ڈی ایف) کے مطابق جاسوسی کرنے والا چھوٹا ڈرون آج صبح غزہ شہر کے رمال میں گر کر تباہ ہوا۔ اسرائیلی فوج نے کہا کہ بغیر پائلٹ والا یہ ڈرون (جس کا نام اسکائی لارک 3 ہے) نگرانی کے مشن پر تھا، یہ تکنیکی خرابی کے بعد شمالی غزہ کی پٹی میں ہنگامی لینڈنگ کے دوران گرا۔ آئی ڈی ایف کے مطابق ڈرون سے معلومات کے لیک ہونے کا کوئی اندیشہ نہیں ہے۔ اسکائی لارک 3 ایک ٹیکٹیکل جاسوس ڈرون ہے جسے Elbit Systems نے بنایا ہے اور آئی ڈی ایف کی آرٹلری کور کے ذریعے چلایا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی کئی اسرائیلی ڈرون تباہ ہو چکے ہیں۔

## مالاکنڈ میں رہنما جے یو آئی کے گھر پر فائرنگ
### بیٹا، بیٹی جاں بحق، مفتی کفایت اور اہلیہ زخمی

پشاور (یواین آئی) صوبہ خیبر پختونخوا کے ضلع مالاکنڈ کے علاقے بٹ خیلہ جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے ضلعی امیر مفتی کفایت اللہ کے گھر پر فائرنگ کے نتیجے میں مفتی کفایت اور اہلیہ شدید زخمی ہوگئے، جب کہ ان کا بیٹا اور بیٹی جاں بحق ہوگئے۔ ڈان نیوز کے مطابق لیویز حکام کا کہنا ہے کہ مالاکنڈ کے علاقے بٹ خیلہ میں جے یو آئی (ف) کے ضلعی امیر کے گھر پر فائرنگ ہوئی ہے، جس میں مفتی کفایت اللہ اور ان کی اہلیہ زخمی ہوگئے، جنہیں ہسپتال منتقل کیا گیا ہے، فائرنگ سے مفتی کفایت کا بیٹا عصمت اللہ اور بیٹی جاں بحق ہوگئے۔ لیویز حکام نے بتایا کہ فائرنگ مفتی کفایت اللہ کے دوسرے بیٹے اعتصام نے کی، واردات کے بعد ملزم فرار ہوگیا، لاشوں اور زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال بٹ خیلہ منتقل کیا گیا ہے۔ فائرنگ کی اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیمیں فوری موقع پر پہنچیں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا، تاہم واقعے کے پیچھے کیا عوامل کارفرما تھے، تاحال واضح نہیں ہوسکا، ذرائع کا کہنا ہے کہ فائرنگ کرنے والا ملزم نشے کا عادی ہے، جس کی تلاش جاری ہے۔

## یوکرین سہ فریقی ملاقات کی حمایت کرتا ہے: یوکرینی صدر

کیف (یواین آئی) یوکرین کے صدر زیلنسکی نے کہا کہ ان کا ملک سہ فریقی ملاقات کی حمایت کرتا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے کہا کہ یوکرین تعمیری تعاون کے لیے تیار ہے۔ زیلنسکی نے بتایا کہ ان کی امریکی صدر ٹرمپ کے ساتھ ٹیلی فون کال ڈیڑھ گھنٹے سے زیادہ جاری رہی۔ انہوں نے بتایا کہ وہ پیر کو امریکہ کا دورہ کریں گے۔ یوکرینی صدر نے زور دیا کہ یورپ کو مذاکرات کے ہر مرحلے پر بات چیت کا حصہ ہونا چاہیے۔

## ترکیہ کا پاکستان میں سیلاب سے بھاری نقصانات پر اظہارِ تعزیت

انقرہ (یواین آئی) ترکیہ نے پاکستان میں سیلاب کے باعث سینکڑوں جانوں کے ضیاع پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ترک وزارت خارجہ کے ایک بیان میں کہا گیا ہے" پاکستان میں سیلاب کے باعث جانوں کے ضیاع پر ہمیں دلی صدمہ پہنچا ہے۔" بیان میں مزید کہا گیا،"ہم اس آفت میں اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھنے والے کی مغفرت کے دعا گو ہیں اور پاکستانی عوام سے تعزیت کرتے ہیں۔" پاکستانی حکام کے مطابق، ہفتے کے روز شدید بارشوں کے باعث آنے والے سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے ہلاکتوں کی تعداد 321 تک پہنچ گئی۔ زیادہ تر ہلاکتیں خیبر پختونخوا کے شمال مغربی صوبے میں ہوئیں، جہاں صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق 307 افراد جاں بحق ہوئے۔ گلگت بلتستان میں پانچ افراد اور پاکستان کے زیر انتظام کشمیر، بھی کہا جاتا ہے، میں نو افراد کے جاں بحق ہونے کی اطلاعات ہیں۔ متعدد علاقوں میں موبائل فون ٹاورز کو نقصان پہنچنے کی وجہ سے مواصلاتی نظام بھی متاثر ہوا ہے۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے خبردار کیا ہے کہ مون سون کی بارشوں کا ایک اور سلسلہ جمعہ سے شروع ہو کر 10 ستمبر تک جاری رہ سکتا ہے۔ حکام نے یہ بھی کہا کہ درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے بلند پہاڑی علاقوں میں برف اور گلیشیئرز کے پگھلنے کی رفتار تیز ہوگئی ہے، جس سے دریاؤں میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہو رہا ہے۔ مون سون کی بارشیں، جو عام طور پر جون سے ستمبر تک جاری رہتی ہیں، جنوبی ایشیا بشمول پاکستان میں اکثر تباہی کا باعث بنتی ہیں، لیکن حالیہ برسوں میں موسمیاتی تبدیلیوں نے ان کی شدت اور غیر یقینی کو بڑھا دیا ہے۔

## غزہ میں انسانیت کا امتحان لیا جا رہا ہے: طیب اردوان

انقرہ (یواین آئی) ترک صدر رجب طیب اردوان نے کہا ہے کہ غزہ میں انسانیت کا امتحان لیا جا رہا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق ترک صدر رجب طیب اردوان نے غزہ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ غزہ کے معاملے کو صرف زمین کے چھوٹے سے ٹکڑے کی نہیں بلکہ انسانی تباہی کے طور پر سمجھنا ہوگا۔ ترک صدر نے کہا کہ غزہ کا مسئلہ بڑھتی ہوئی ایسی خلیج ہے جو ہر گزرتے دن کے ساتھ انسانیت کے اجتماعی ضمیر کو زخمی کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسرائیلی بمباری سے بچے، خواتین اور بوڑھے افراد نشانہ بن رہے ہیں۔

روزنامہ صحافت اردو ویب ایڈیشن برمنگھم (یو.کے.) کو پبلشر نغمہ امیر نے ٹیڈنگٹن گروپیری بار برمنگھم بی-42 آئی آر جی یو. کے. سے شائع کیا۔ پروپرائٹر و گروپ ایڈیٹر: امان عباس، ریزیڈینٹ ایڈیٹر: امیر مہدی، بیورو چیف: نغمہ امیر، ای-میل: Naghmaamir@rediffmail.com، موبائل نمبر: 386368 7897 44+
قارئین کو مشورہ: ''صحافت'' میں چھپے ہوئے مضامین اور مراسلات میں ظاہر کئے گئے خیالات سے ایڈیٹر، نیوز ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر، پروپرائٹر کا متفق اور جواب دہ ہونا ضروری نہیں ہے۔ صحافت میں شائع ہونے والے کسی بھی اشتہار کے مواد اور دعووں کے بارے میں ادارہ صحافت ذمہ دار نہیں ہوگا، اس کی کل ذمہ داری اشتہار دہندہ کی ہوگی۔

